## سوال

(643) قصر کے بغیر جمع کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسافر کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ نمازوں میں قصر کرے لیکن جمع کر کے نہ پڑھے یا جمع تو کرے لیکن قصر نہ کرے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں یہ جائز ہے البتہ مسافر کے لئے قصر کرنا پوری نماز پڑھنے سے افضل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند فرماتا ہے کہ اس کی عطا کردہ رخصتوں کو قبول کرلیا جائے جس طرح وہ اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کے مقرر کردہ واجبات و فرائض پر عمل کیا جائے اسی طرح مذکورہ بالا سبب کے پیش نظر مسافر کے لئے حالت سفر میں نمازوں کو جمع کرنا افضل ہے ۔ (فتوی کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

## صفحہ نمبر515

## محدث فتویٰ